conservation practices (mulching) increased fibre length and yield. Fibre length decreases up-to 5.5% if the mean temperature increases from 4-5° C. Under inadequate moisture conditions and increasing temperatures, fibre length decreases and fibre micronaire values increase.

FIBRE STRENGTH

Cotton fiber strength is closely related to secondary cell wall synthesis. Secondary wall formation occurs from 15 to 45 days after anthesis, and determines fiber fineness, strength and maturity. Fiber strength is influenced more by genotype than by environment. Fibre strength increases 3.5 % as the temperature increases 4-5° C.During maturation period, high temperaturefavorsto increase fibre strength.

FIBRE UNIFORMITY INDEX

Yield and fibre characters responded to variation of daily mean and amplitude of temperature. Fibre length and uniformity were rise at intermediate temperature regimes, generally favored by high day and relatively low night temperatures. Uniformity values decreases 2 % as mean temperature increases up to 4-5°C.

MICRONAIRE

Changes in temperature during the fiber thickening period will lead to differences in micronaire. Fibre strength, micronaire and the other maturity indices related to secondary wall thickening were improved by higher temperatures, particularly day temperatures. Micronaire value was observe towards slight coarser side with increase in temperature. As value recorded 4.3 to 4.9 as temperature increases from 4-5°C.

Subscription: Annual Rs. 350/- "Pakistan Cottongrower"

Payment Enclosed:
By Cash ______ By Draft _____ By Pay Order ______ By Money Order ______

Name: ____________________

Address: ____________________

____

Phone: ____________________ **Fax:** ____________________

Email: ____________________

Managing Editor
Pakistan Cottongrower
Central Cotton Research Institute
Old Shuja Abad Road, Multan
Phone: 061-9200340/41
Email: ccri.multan@yahoo.com

Signature: ____________________

Date : ____________________

Tele Cotton Service
PCCC-Serving Cotton growers
پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی ملتان
کپاس کے کاشتکاروں کی بروقت رہنمائی کیلئے SMS سروس کا آغاز
پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی (PCCC) نے کپاس کے کاشتکاروں کی رہنمائی و آگاہی کے لئے "ٹیلی کاٹن" ایس ایم ایس سروس کا آغاز کیا ہے۔ جس کے ذریعے کاشتکاروں کو کپاس کی کاشت سے متعلق مفید مشورے، مختلف منڈیوں کے بھاؤ اور دیگر معلومات اردو زبان میں ایس ایم ایس کے ذریعے بھیجی جاتی ہیں۔
اس مفت سہولت کو حاصل کرنے کیلئے پاکستان میں کسی بھی جگہ سے کپاس کے کاشتکار یا اس میں دلچسپی رکھنے والے خواتین و حضرات اپنا نام پتہ اور شناختی کارڈ نمبر
اس فون نمبر 0334-1121213
پر ایک SMS بھیج کر رجسٹرڈ ہو سکتے ہیں۔ آپ کو کپاس کی کاشت سے متعلق مفید مشورے و معلومات روزانہ کی بنیاد پر ایس ایم ایس کے ذریعے ملنا شروع ہو جائیں گی۔
SMS
ہیلپ لائن: 0334 1 12 12 13
ڈائریکٹر، سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان
CENTRAL RESEARCH INSTITUTE

جلد-1 شمارہ-2 جولائی تا ستمبر 2018ء

پاکستان کاٹن گروور

سنٹرل کاٹن ریسرچ اِنسٹی ٹیوٹ، ملتان، پاکستان

بسم الله الرحمن الرحيم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝۬

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧ اٰمِيْنَ

تمام تعریفیں اللہ کی ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ جو سب پر مہربان، بہت مہربان ہے۔
جو روزِ جزا کا مالک ہے۔ (اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں، اور تُجھی سے مدد
مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت عطا فرما۔ اُن لوگوں کے راستے کی جن پر تُو نے
انعام کیا ہے۔ نہ کہ اُن لوگوں کے راستے کی جن پر غضب نازل ہوا ہے،
اور نہ اُن کے راستے کی جو بھٹکے ہوئے ہیں۔ (سورۃ فاتحہ)

In the name of Allah, the Gracious, the Merciful. Praise be to Allah, Lord of the Worlds. The Most Gracious, the Most Merciful. Master of the Day of Judgment. It is You we worship, and upon You we call for help. Guide us to the straight path. The path of those You have blessed, not of those against whom there is anger, nor of those who are misguided. (Al-Quran-1)

پاکستان کاٹن گروؤر

جلد نمبر–1
شمارہ نمبر– 2
جولائی تا ستمبر 2018ء

سرپرست
ڈاکٹر خالد عبداللہ

مدیر اعلیٰ
ڈاکٹر زاہد محمود

مدیر
عبداللطیف شیخ

مدیران
ڈاکٹر نوید افضل
ڈاکٹر محمد ادریس خان
ڈاکٹر فیاض احمد
مسز صباحت حسین
ڈاکٹر رابعہ سعید
محمد الیاس سرور
ساجد محمود

رابطہ کار
زاہد خان

ترتیب مضامین

1۔ اداریہ ---------- 2

2۔ کپاس کی بہتر پیداوار کیلئے معیاری بیج کی اہمیت اور اس کی تیاری۔ 3
(ڈاکٹر محمد ادریس خان، سی سی آر آئی، ملتان)

3۔ اعلیٰ معیار اور آلائشوں سے پاک روئی کی تیاری ---------- 7
(ڈاکٹر زاہد محمود، سی سی آر آئی، ملتان)

4۔ کپاس کی مشینی چنائی ---------- 12

5۔ فارمرز ڈے رپورٹ ---------- 14

سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، پرانا شجاع آباد روڈ، ملتان۔ پاکستان
+92 61 920 0340 | www.ccrim.org.pk | ccri.multan@yahoo.com

اِداریہ

کپاس نازک مرحلے میں داخل ہو چکی ہے اور کپاس پر پھل پھول اور ڈوڈیاں بننے کا مرحلہ بھرپور انداز میں شروع ہو چکا ہے اور اس وقت کپاس کی نگہداشت پر خصوصی توجہ دینے کی بے حد ضرورت ہے خاص طور پر سفید مکھی اور گلابی سنڈی کی پیسٹ سکاؤٹنگ اور ان کے کنٹرول کے لیے تو موثر حکمت عملی اختیار کرنا موجودہ صورتحال کا اہم تقاضا ہے۔ موسم میں نمی کے بڑھ جانے سے رس چوسنے والے کیڑوں چست تیلہ، سفید مکھی اور تھرپس کے علاوہ لشکری اور گلابی سنڈی کے حملہ کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

کپاس کی بہتر اور منافع بخش پیداوار کے حصول کے لیے کپاس کے کاشتکاروں کو کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں سے بچاؤ کے لیے وضع کردہ سفارشات کے مطابق صاف چنائی، موسم کی شدت، اور فصل کی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے آبپاشی کے بارے میں سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان کے زرعی ماہرین اور محکمہ زراعت پنجاب کے آفیسران سے رابطہ رکھ کر ہی کیا جاسکتا ہے۔

کپاس کی پیداوار اور اس کی کوالٹی میں بہتری کے لئے مسلسل تحقیقی عمل ایک بنیادی ضرورت ہے۔ پاکستان کی معیشت میں کپاس کی فصل کو اہم مقام حاصل ہے، کپاس کی فصل کی ترقی حکومت کی اہم ترجیح ہے اور حکومت کپاس کی تحقیق و ترقی میں کافی دلچسپی لے رہی ہے۔ پیداواری لحاظ سے ہم دنیا کے چوتھے بڑے کپاس پیدا کرنے والے ملک کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں۔ زرعی تحقیق کی بناء پر ہی آج ہم معیاری ریشے والی کپاس پیدا کر رہے ہیں۔

حکومت کے تعاون سے خطیر رقم سے کپاس کی تحقیق و ترقی کے لئے سی سی آر آئی ملتان کئی پراجیکٹ پر کام کر رہا ہے جس سے کپاس پر موجود بیماریوں اور کیڑوں مکوڑوں کو کنٹرول کرنے میں بڑی مدد ملے گی اور ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ اپنے فضل و کرم سے ہمیں وہ قوت عطا فرمائے کہ ہم سب اپنے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتے ہوئے دنیا کی ترقی یافتہ اور خوشحال قوموں میں شامل کر سکیں (آمین)۔

کپاس کی بہتر پیداوار کیلئے معیاری بیج کی اہمیت اور اس کی تیاری

ڈاکٹر محمد ادریس خان، محمد اکبر، ڈاکٹر خادم حسین، حافظ عبدالحق، ڈاکٹر فضل دائم شہزاد، سعید محمد

زراعت ہمارے ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھی جاتی ہے اور کپاس زرعی پیداوار میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔اس کے سبب اسے ملکی معیشت کیلئے سفید سونا سمجھا جاتا ہے۔ایک اندازے کے مطابق ملکی ضرورت کا 70 فی صد خوردنی تیل کپاس کے بنولے سے حاصل ہوتا ہے اور 60 فیصد ملکی آبادی کپاس اور اس سے متعلقہ معاملات سے منسلک ہے۔مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں کپاس کی اچھی پیداوار میں زراعت کی ترقی کا راز مضمر ہے لہذا اچھی پیداوار کیلئے سب سے پہلے اچھے اور معیاری بیج کا ہونا انتہائی اہم ہے۔

کسان بھائیوں کی راہنمائی کیلئے بیج کی چند بنیادی اور ضروری خصوصیات درج کی جا رہی ہیں۔تاکہ کسان بھائی اچھے بیج کا انتخاب کر کے اپنی پیداوار بڑھا سکیں۔

۱۔ بیج اصل نسل کا ھونا ضروری ہے یعنی کہ جس قسم کا لیبل بوری اور پیکنگ پر ہوں، 100 فیصد وہی بیج ہونا ضروری ہے۔

۲۔ بیج میں قوت روئیدگی 75 فی صد یا اس سے زیادہ ہونا ضروری ہے۔

۳۔ اچھی پیداوار کا 50 فیصد انحصار صرف اور صرف کپاس کے اچھے بیج کے انتخاب پر ہے۔اچھے بیج سے مراد بیج کا خالص ہونا ہے۔

۴۔ کپاس کے کاشتکار کو کم از کم 96% خالص بیج کا انتخاب کرنا چاہیے۔

۵۔ اچھی پیداوار کیلئے اعلی اور منظور شدہ اقسام کا انتخاب بہت ضروری ہے۔

۶۔ بیج ہر قسم کی بیماری سے پاک ہونا چاہیے۔

۷۔ تمام بیج کی جسامت اچھی اور ایک جیسی ہو۔

۸۔ بیج ٹھوس اور موٹا ہو۔

۹۔ بر اترا ہوا بیج کاشت کیلئے بہتر ہوتا ہے۔لہذا بر اترا ہوا بیج کاشت کریں۔

۱۰۔ بیج کو زہر لگائیں تاکہ ابتدائی طور پر بیماریوں سے محفوظ رہے۔تصویر نمبر ۱۔

بیج کے نظام کو جدید خطوط پر چلانے کیلئے چار بنیادی عناصر ضروری ہیں :

1- ترقی دادہ اقسام اور ان کی افزائش 2- بیج کا ایک مربوط کوالٹی کنٹرول نظام 3- مارکیٹنگ

4- ان کسانوں کے بیج کی کوالٹی کو بہتر بنانا جو اپنا بیج رکھتے ہیں اور استعمال کرتے ہیں۔

اس بات سے کون انکار کرسکتا ہے کہ عمدہ بیج زرعی پیداوار بڑھانے میں بہت ہی اہمیت کا حامل ہے مگر چھوٹے کسان موجودہ ترقی دادہ اقسام کے عمدہ بیج کو پہچانے سے قاصر ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اوپر بیان کئے گئے چار بنیادی عناصر میں سے پہلے تین عناصر تو سرکاری کا اور نجی کمپنیاں بہتر طور پر سرانجام دے سکتی ہیں مگر کسانوں کے اپنے رکھے ہوئے بیجوں کی کوالٹی کو بہتر بنانے کیلئے کوئی خاطر خواہ نظام سرکاری اور نہ ہی نجی سطح پر موجود ہے چنانچہ چھوٹا کسان اپنا رکھا ہوا غیر معیاری بیج استعمال کرنے پر مجبور ہے۔ اس وجہ سے جدید ریسرچ کے ثمرات نہ تو ان کسانوں تک پہنچ پاتے ہیں۔ اور نہ ہی ہماری قومی زرعی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔ موجودہ دور میں بیجوں کے حصول کا سب سے بڑا ذریعہ کسانوں کا اپنا ذخیرہ کیا ہوا بیج ہے کیونکہ تقریبا 80 فیصد بیج اسی ذریعہ سے عام کسان تک پہنچتا ہے جو خالص ہوتا ہے اور نہ ہی اس کا اگاؤ بہتر ہوتا ہے حتی کہ ایسے بیجوں میں بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت بھی نہیں ہوتی۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ان بیجوں کے استعمال سے کسان کی نہ صرف پیداوار بلکہ آمدنی بھی متاثر ہوتی ہے۔ ایک اور عام تاثر جو آج کل ہمارے کسانوں میں زیادہ پایا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ اگر وہ عمدہ بیج کیلئے زیادہ قیمت ادا کرتا ہے تو اس سے فصل کی پیداوار بھی ایسی ملنی چاہیے حالانکہ وہ اس بات کو محسوس نہیں کرتا کہ عمدہ اور خالص بیج سے اس کی پیداوار میں نہ صرف 15 سے 20 فی صد اضافہ ہوگا بلکہ کم از کم 40 فی صد اس نقصان سے بھی بچ جاتا ہے جو فصل کی بیماریوں کی صورت میں ہوتا ہے لہذا بیجوں کی کوالٹی اور ان کا استعمال کسی بھی فصل کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کیلئے ناگزیر ہے۔ کسانوں کا اپنا رکھا ہوا بیج صرف اسی صورت میں قابل استعمال ہوسکتا ہے جب وہ بیج خالص، جڑی بوٹیوں اور بیماریوں سے پاک اور عمدہ روئیدگی کا حامل ہو مگر کسانوں کی ایک بڑی تعداد عمدہ بیجوں کے استعمال اور ان کی افادیت سے ابتک محروم ہے۔ لہذا اہم ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کسانوں کیلئے بیجوں کی افزائش کے ایسے پروگرام ترتیب دیئے جائیں جن میں ان کسانوں کی بھرپور شرکت ہو اور کوالٹی بیج پیدا کرنے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے سکیں۔

کاشتکار کپاس کی فصل کی چنائی اور سٹور کرنے کو بہت آسان مرحلہ سمجھتے ہیں۔ حالانکہ یہ ایسا مرحلہ ہے۔ جس کو احسن طریقے سے سرانجام دینے سے کاشتکار اچھا بیج حاصل کرسکتا ہے۔

تصدیق شدہ بیج پیدا کرنے کیلئے کم از کم شرائط

یہ بات نہایت ہی اہمیت کی حامل ہے کہ بیج کی پیداوار کیلئے منتخب کردہ کھیتوں میں ایک ہی انواع کی مسلسل فصلوں کے درمیان کم از کم ایک سال کا وقفہ ہونا چاہیے۔ ایک ہی قسم اور درجہ کے بیجوں کی متواتر کاشت ایک ہی کھیت میں اقسام کے خالص پن کو برقرار رکھنے میں مددگار

ثابت ہوتی ہے لہذا تصدیق شدہ بیج پیدا کرنے کیلئے مندرجہ ذیل تفصیلات کا جاننا اوران پر عمل کرنا ضروری ہے۔

۱۔ جداسازی (Isolation)

یہ عمل ایک قسم کے بیج کی فصل کو دوسری قسم کے بیج کی فصل سے مخصوص رکاوٹ یا کسی خالی قطعہ کی حدود سے مخلوط زیرگی اور کٹائی کے دوران ایک دوسرے سے مل جانے سے بچانے کیلئے کیا جاتا ہے۔

۲۔ تخمی امراض:۔

تخمی امراض کی جانچ پڑتال یا تشخیص ذیل طریقے سے کی جائے۔

الف۔ کھیتوں کے معائنے میں وبائیت کی فی صد شرح تشخیص کرکے۔

ب۔ بیجوں کے ڈھیروں کے نمونوں کے پرکنٹرول قطعات جن میں پودے مقررہ تناسب سے زیادہ تخمی بیماریوں کا شکار ہو۔

ج۔ لیبارٹری ٹیسٹ جو مقررہ شرح سے زیادہ تخمی بیماریوں کو ظاہر کریں۔

گھاس پھوس نکمے پودے۔

وہ فصل جس میں گھاس پھوس کے پودوں کی حد اس قدر زیادہ ہو کہ انہیں جدا نہ کیا جاسکے ایسی فصل مسترد کردی جائے۔

کھیت کا معائنہ۔

کھیت فصل کے معائنہ کیلئے مناسب ہونا چاہیے کہ خاص کر وہ کھیت جہاں اقسام خالص ہو رہی ہوں اور بیج کی ڈھیروں کے نمونوں سے اگائے گئے پری اور پوسٹ کنٹرول قطعات کا بھی معائنہ کیا جائے۔

کھیت کے معائنے کا طریقہ کار:۔

۱۔ کھیت کے معائنے کا اولین مقصد یہ معلوم کرنا ہوتا ہے کہ آیا فصل مطلوبہ معیار کے بیج پیدا کرنے کیلئے موزوں ہے یا نہیں۔

۲۔ یہ بات معلوم کرنا کہ کھیت میں وہی قسم ہے جسکا موجود ہونا فرض تھا۔

۳۔ اس بات کی پڑتال کرنا کہ کھیت کا محل وقوع اور بوئے گئے بیج کا حوالہ نمبر درست ہے۔

۴۔ گزشتہ فصل کی سوانح (Cropping Histroy) کی پڑتال۔

۵۔ اس بات کی پڑتال کرنا کہ مختلف اقسام کو ایک دوسرے سے الگ رکھنے کیلئے فاصلہ (Islolation Distance) درست ہے۔

اس بات کی بھی پڑتال کرنا کہ فصل کی ظاہری حالت نشو ونما اور صحت کی حالت اتنی اچھی ہے ۔کہ وہ فصل کی اقسام کی خالص پن اور شناخت کی پڑتال کی اجازت دیتی ہے اور اس کے ساتھ یہ بھی دیکھا جائے کہ فصل کمزور یا گھاس پھوس سے بھری یا بیماری زدہ تو نہیں ہے ۔

اگر تمام مذکورہ حالات اطمینان بخش ہوں تو فصل کا معائنہ اس بات کی پڑتال کیلئے کیا جاتا ہے کہ

1۔ کپاس کی کاشت شدہ بیج کی فصل دوسری فصل کے ساتھ ملی تو نہیں ہوئی۔

2۔ کیا اس قسم کی دوسری انواع کے ساتھ آمیزش ہوتی ہے۔

3۔ تخمی بیماری نہیں ہے۔

4۔ ایسے پودے تو موجود نہیں جو فصل میں موجود بیجوں کو آلودہ کرسکے۔

مندرجہ بالا باتوں کے ساتھ ساتھ اس بات کا بھی خاص خیال رکھا جائے ۔کہ تصدیق شدہ بیج اچھی پیداوار کا ضامن ہے اسلئے کسان بھائی ہمیشہ تصدیق شدہ بیج ہی استعمال کریں ۔ہمیشہ سرکاری اور جانی پہچانی اداروں کا سیڈ استعمال کریں کیونکہ یہ آپ کی پیداوار میں اضافہ کرتا ہے اور یہ کہ مصدقہ بیجوں پر اعتماد اور ان کا استعمال ملکی پیداوار میں اضافہ کا ضامن ہے ۔

اعلیٰ معیار اور آلائشوں سے پاک روئی کی تیاری

ڈاکٹر زاہد محمود۔ ڈائریکٹر سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان

کپاس کی فصل ہماری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کا درجہ رکھتی ہے۔ کپاس نہ صرف زرمبادلہ کمانے والی فصلوں میں سرفہرست ہے بلکہ اس فصل کے ذریعے کاشتکاروں کو نقد منافع اور آبادی کے بڑے حصے کو روزگار بھی مہیا ہوتا ہے۔ پاکستان کپاس پیدا کرنے والے ممالک میں چوتھے نمبر پر ہے۔ ہماری کپاس کی اکثر اقسام اعلیٰ ریشہ کی حامل ہیں اور بین الاقوامی منڈیوں میں اس کی بڑی مانگ ہے۔ مقامی طور پر آجر سے اجیر اور سرمایہ دار سے لیکر مزدور یعنی معاشرہ کا ہر طبقہ اس کے ثمرات سے بہرہ مند ہو رہا ہے۔ پاکستانی اس وقت روئی یا اس سے بنی ہوئی مصنوعات برآمد کر کے اس سے کثیر زرمبادلہ کما رہا ہے اور ہماری 60 فیصد برآمدات اسی فصل کی مرہون منت ہیں۔ پاکستان کی سب سے بڑی انڈسٹری ٹیکسٹائل کی ہے۔ لاکھوں ہنرمند اس انڈسٹری میں کام کر کے اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ پال رہے ہیں ٹیکسٹائل انڈسٹری میں استعمال ہونے والا خام مال زیادہ تر روئی ہے۔ پاکستان ہر سال اپنی انڈسٹری کی ضروریات پوری کر کے فالتو روئی باہر کے ملکوں کو بھیجتا ہے۔ یہ بات یہاں قابل غور ہے کہ ہماری روئی میں بہت سی آلائشیں ہوتی ہیں جس وجہ سے ہمیں پاکستان اور باہر کے ممالک میں اپنی روئی کا معاوضہ صحیح نہیں مل پاتا۔ اس لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی روئی کو آلائشوں سے پاک کر کے اس کے معیار کو بہتر بنائیں اور اسے پاکستان میں زیادہ نرخوں پر بیچیں اور باہر کے ملکوں کو بھی برآمد کر کے زیادہ زرمبادلہ کمائیں۔

کپاس میں شامل آلائشیں

محلہ کی دکانوں میں، سڑک کے کناروں اور منڈیوں میں پڑی ہوئی کپاس میں شامل ہونے والی آلودگیوں میں پلاسٹک کے لفافے، ردی کاغذ کے ٹکڑے، پرانے کپڑے کے ٹکڑے، پولی پراپلین کے دھاگے، سگریٹوں کے خالی ڈبے، ٹافیوں کے کور، پلاسٹک فلم کے ٹکڑے اور انسانی وحیوانی بال شامل ہیں۔ روئی کے معیار کا انحصار کپاس کی اقسام اور کپاس کی دیکھ بھال پر منحصر ہے۔

کپاس کی اقسام

جتنے بھی ادارے کپاس پر تحقیق کر رہے ہیں ان سب کا مقصد یہ ہے کہ وہ کپاس کی ایسی اقسام تیار کریں جن کے ریشوں کی لمبائی زیادہ ہو اور لمبائی کافی حد تک ایک ہو، نفاست میں ریشہ باریک ہو، ریشہ زیادہ مضبوط اور پختہ ہو تا کہ ان اقسام سے اعلیٰ معیار کی روئی حاصل ہو۔ پنجاب میں جو مختلف کپاس کی اقسام کاشت کی گئی ہیں ان کے ریشوں کی خصوصیات جدول نمبر 1 میں دکھائی گئی ہیں۔

جدول نمبر 1 کپاس کی مختلف اقسام کے ریشہ کی خصوصیات

نمبر شمار	نام قسم کپاس	کن فیصد	ریشہ کی لمبائی ملی میٹر	ریشہ کی نفاست؛ مائیکروگرام فی انچ	ریشہ کی مضبوطی ہزار پاؤنڈ فی مربع انچ
1	بی ٹی سی آئی ایم-598	40.1	28.2	4.2	95.0
2	بی ٹی سی آئی ایم-599	40.0	30.2	4.6	96.3
3	بی ٹی سی آئی ایم-602	38.0	29.5	4.9	95.1
4	بی ٹی ایف ایچ-142	40.1	28.3	4.8	101.4
5	ٹارزن-3	40.8	31.9	4.7	94.7
6	آئی یو بی-13	42.0	28.8	4.7	93.0
7	بی ایچ-184	40.0	28.7	4.9	95.5
8	سائٹو-177	40.0	29.0	4.3	99.9
9	ایم این ایچ-988	42.0	28.5	4.8	96.1
10	اے جی سی-999	42.2	28.0	4.6	96.5
11	سائٹو-124	42.8	30.3	4.4	92.3
12	نیاب-2008	38.0	31.2	4.7	92.2
13	سی آئی ایم-620	40.2	28.9	4.6	93.0
14	بی ٹی سی ایم-600	42.8	29.8	4.6	96.7
15	بی ٹی سائٹو-179	40.2	28.2	4.2	107.6
16	ایف ایچ-152	40.3	28.8	4.2	38.5
17	آر ایچ-668	39.4	28.7	4.5	34.4
18	سی آئی ایم-632	42.0	29.4	4.7	32.9
19	نیاب-1048	38.3	28.9	4.3	30.9
20	ستارہ-15	38.8	28.9	4.4	35.4
21	صحرا-150	37.6	28.1	4.3	35.0
22	سی آئی ایم-610	45.5	29.4	4.5	35.9

کپاس کی دیکھ بھال

کپاس کی دیکھ بھال سے مراد یہ کہ ان تمام مراحل پر کڑی نظر رکھی جائے جس سے گزر کر کپاس روئی کی شکل اختیار کرتی ہے۔ ذیل میں چند ایسے مراحل کا ذکر کیا گیا ہے جن پر عمل پیرا ہو کر روئی کے معیار کو بہتر اور آلائشوں سے پاک بنایا جا سکتا ہے۔

1. کپاس کی چنائی

روئی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے پہلا مرحلہ کپاس کی چنائی ہے اور یہ مرحلہ بہت اہمیت کا حامل ہے ۔کیونکہ یہاں سے روئی کے معیار کو بہتر بنانے کا کام شروع ہو جاتا ہے ۔کپاس کے ساتھ سانگلی ، پتی انسانوں اور حیوانی بال کی آمیزش سے اس کی کوالٹی پر بہت برا اثر پڑتا ہے ۔کارخانہ دار کو بھی ایسی کپاس کی روئی کی پوری قیمت نہیں ملتی ۔غیر ملکی منڈیوں میں بھی ایسی روئی کم قیمت پر فروخت ہوتی ہے جس سے ملک کو زرمبادلہ کا بہت نقصان ہوتا ہے ۔اس کے علاوہ کاشتکار خراب چنائی کی وجہ سے کپاس کی پوری قیمت حاصل نہیں کر پاتا ۔جس سے اس کا ذاتی نقصان ہوتا ہے ۔لہٰذا یہ ضروری ہے کہ آلائشوں یعنی آلودگی سے پاک اعلیٰ معیار کی روئی حاصل کرنے کے لیے کاشتکار بھائیوں کو چاہیے کہ وہ کپاس کی بہتر چنائی کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں:

کپاس کی چنائی اس وقت شروع کی جائے جب کپاس کے کم از کم پچاس فیصد ٹینڈے کھل جائیں ۔چنائی کرتے وقت کچے ٹینڈے نہ توڑے جائیں کیونکہ ان ٹینڈوں سے حاصل ہونے والی روئی کا ریشہ کچا ہو گا جو دھاگہ اور کپڑے کی کوالٹی پر اثر انداز ہو ۔چنائی شبنم خشک ہونے ہونے کے بعد کریں ۔کیونکہ دوران چنائی اگر کپاس میں نمی رہ جائے تو کپاس کے ریشہ کا رنگ بدل جائے گا اور سٹور کرنے کی صورت میں گرمی (Heat up) پیدا ہو جائے گی ۔اور اس طرح کپاس (پھٹی) کے خراب ہونے سے منڈی میں مناسب دام نہیں گے ۔امریکن کپاس کی ایک چنائی سے دوسری چنائی تک کم از کم پندرہ دن اور دیسی کپاس میں ہر وقفہ سات دن کا ہونا چاہیے ۔چنائی کا عمل زرعی زہروں کے سپرے کرنے سے تقریباً دس سے بارہ دنوں بعد شروع کرنا چاہیے ۔چنائی کرنے والی عورتیں سر پر دوپٹہ لیں ۔سر کے بالوں کو اچھی طرح ڈھانپ کر چنائی کریں اور چنائی کے لیے سوتی پلیاں استعمال کریں ۔چنائی پودوں اور ٹینڈوں کو ٹوٹنے سے بچانے کے لیے چنائی کا عمل لائنوں میں کریں ۔چنائی کرنے کے لیے دونوں ہاتھ استعمال کریں صرف دو یا تین ٹینڈے چننے کے بعد اس کو جھولی میں ڈال لینا چاہیے تا کہ چنی ہوئی کپاس نیچے نہ گرے اور صاف کپاس چنی جا سکے ۔چنی ہوئی پھٹی کو گیلی اور سایہ دار جگہ پر نہ رکھیں بلکہ دھوپ میں خشک جگہ پر سوتی کپڑا یا ترپال بچھا کر رکھیں ۔چنائی کے بعد وزن کروانے سے پہلے پھٹی سے آلودگی چن کر نکال لیں ۔کھیت میں گری ہوئی کپاس کو اچھی کپاس میں ہرگز نہ ملائیں تا کہ ساری کپاس کا معیار کم نہ ہو جائے ۔چنی ہوئی پھٹی کو سوتی کپڑے کے بوروں میں بھریں ۔سلائی کے لیے بھی سوتی ڈوری استعمال کریں ۔پٹ سن یا پولی

پراپلین کے بورے ہرگز استعمال نہ کریں۔ چنائی کرنے والی عورتوں کی مزدوری کا تعین نہ صرف مقدار بلکہ صاف ستھری چنائی کے لحاظ سے کرنا چاہیے۔ گلابی سنڈی یا بیماری والے ٹینڈے توڑ کر الگ رکھے جائیں کیونکہ جننگ کے بعد انکی روئی پیلے رنگ کے دھبے ظاہر کرتی ہے۔ کپاس کی چنائی کرتے وقت کپاس کی ہر قسم کو الگ الگ رکھا جائے کیونکہ کپاس کی مختلف اقسام کے ریشوں کی خصوصیات مختلف ہوتی ہیں۔ کپاس کی مختلف اقسام کو اکٹھا کر دینے سے کپاس اور روئی دونوں کا معیار کم ہو جاتا ہے۔ کیونکہ کپاس کی درجہ بندی قائم نہیں رہتی ہے۔ کپاس کی آخری چنائی کو کپاس کی پہلی اور دوسری چنائی سے الگ رکھا جائے کیونکہ آخری چنائی سے حاصل ہونے والے ریشوں کی خصوصیات ہر لحاظ سے ناقص ہوتی ہیں۔

2. کپاس کا سٹور کرنا

کپاس کی چنائی کے بعد کپاس کو سٹور کرنے کا مرحلہ آتا ہے۔ جس سٹور میں کپاس کو رکھا جائے وہ پکا اور خشک ہو اور ہوادار ہو تا کہ کپاس گرم نہ ہو جائے۔ کپاس کی ہر قسم الگ الگ رکھی جائے اور کپاس کی درجہ بندی کا خیال رکھا جائے۔ اگر کپاس کو کھلے میدان میں رکھنا مقصود ہو تو مطلوبہ جگہ آس پاس سے اونچی ہونی چاہیے تا کہ بارش کی صورت میں پانی اس جگہ پر کھڑا نہ ہو سکے اور بارش سے بچنے کے لیے ترپالوں کا بندوبست بھی ہونا چاہیے۔

3. کپاس کو جننگ فیکٹریوں تک پہنچانا اور اسکی درجہ بندی کرنا

کپاس کو گوداموں سے جننگ فیکٹریوں تک لانے کا کام بھی بہت اہم ہے۔ کپاس کو روئی کے بنے ہوئے کپڑے کے بوروں میں ڈال کر جننگ فیکٹریوں میں پہنچایا جائے نہ کہ پٹ سن کے بوروں میں۔ پٹ سن کے بوروں میں ڈالنے اور اس کی رسیوں سے بوروں کو بند کرنے سے کپاس میں پٹ سن کی رسیاں رہ جاتی ہیں جو جننگ کے دوران روئی کے ریشوں میں شامل ہو کر روئی کے معیار کو خراب کر دیتی ہیں۔ جب کپاس جننگ فیکٹریوں میں پہنچ جائے تو کپاس کو اس کی قسم اور گریڈ کے لحاظ سے علیحدہ علیحدہ رکھا جائے۔ کپاس میں موجود سوتلی، ردی کاغذ کے ٹکڑے، کپڑے کے ٹکڑے، سگریٹوں کی خالی ڈبیاں اور کپاس جو کیڑا لگنے کی وجہ سے پیلی ہو گئی ہو مزدور لگوا کر چنوا لینا چاہیے تا کہ یہ تمام اقسام کی آلودگیاں کپاس میں جننگ کے دوران روئی میں نہ چلی جائیں۔ جس طرح کپاس کی درجہ بندی کی گئی ہے اسی حساب سے اسے جننگ بھی کرنی چاہیے اور جننگ کے بعد روئی کی ان گانٹھوں کی درجہ بندی

قائم رکھی جائے اور ان گانٹھوں کو گریڈ کے لحاظ سے سٹور کیا جائے۔

4. کپاس کی جننگ

جننگ سے پہلے کپاس کو سکھانا بہت ضروری ہے۔جننگ کرتے وقت کپاس میں نمی کی مقدار 8 فیصد سے زیادہ نہ ہو۔زیادہ نمی والی کپاس کی جننگ کرنے سے اس کا ریشہ اور بنولہ ٹوٹ جاتا ہے۔روئی میں چھوٹے ریشوں کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔کپاس کا ٹوٹا ہوا بیج بھی روئی کے معیار کو کم کردے گا۔جننگ سے پہلے کپاس کا صاف کرنا بہت ضروری ہے۔کپاس کی جننگ کے لیے عام طور پر دو طریقے استعمال ہوتے ہیں۔ایک رولر جن مشین اور دوسری ساجن مشین ہوتی ہے۔

5. روئی کی گانٹھیں بنانا

کپاس کی جننگ کے بعد روئی کو گانٹھوں میں باندھا جاتا ہے۔روئی کو گانٹھوں میں باندھنے والی مشین کو بیلنگ پریس کہتے ہیں۔عام طور پر ایک گانٹھ کا وزن 170 کلو گرام ہوتا ہے۔روئی کی گانٹھیں باندھتے وقت مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔پریس والا کمرہ ہر وقت صاف رکھنا چاہیے۔روئی کو گانٹھوں میں باندھتے وقت روئی کو زیادہ پانی نہیں لگانا چاہیے ورنہ روئی کا رنگ پیلا ہو جائے گا، ریشہ کی مضبوطی کم ہو جائے گی اور روئی کا گریڈ بھی کم ہو جائے گا۔روئی کی گانٹھ کو چاروں طرف سے کپڑے سے ڈھانکنا چاہیے۔پریس کو تیل اور گریس سے صاف رکھنا چاہیے تاکہ روئی کو تیل یا گریس نہ لگنے پائے۔روئی کی گانٹھوں کو ان کے گریڈ کے حساب سے الگ الگ رکھا جائے۔روئی کی گانٹھوں کو اونچی اور خشک جگہ پر رکھنا چاہیے تاکہ یہ نمی سے خراب نہ ہو جائیں۔گانٹھوں کے اوپر ترپال وغیرہ ڈال لینی چاہیے تاکہ یہ مٹی، دھوپ اور بارش سے محفوظ رہیں۔

کپاس کی چنائی اور گلابی سنڈی کی روک تھام کیلئے بچے کھچے کچے ٹینڈوں کی تلفی بذریعہ مشینی ٹیکنالوجی

ڈاکٹر زاہد محمود (ڈائریکٹر سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان)

اس وقت کپاس کی چنائی کے ریٹ زیادہ ہونے، چنائی کرنے والی خواتین کی کمی اور چائلڈ لیبر کے مسائل کی وجہ سے کاشتکاروں کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اسی وجہ سے آنے والے وقتوں میں ان مسائل سے نپٹنے کے لیے ملک بھر میں کپاس کی مشینی چنائی کے عمل کو فروغ دینے کے لیے سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان ایسی ٹیکنالوجی متعارف کرانے کے لیے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے اسی لیے کپاس کے کاشتکاروں کے مسائل کے ازالہ کے لیے ادارہ ہذا میں کپاس کی ایسی اقسام اور ان کی پیداواری ٹیکنالوجی پر بھی تجربات کئے جا رہے ہیں جو کہ آنے والے وقت میں مشینی چنائی کے لئے موزوں ہوں گی۔ سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان میں کپاس کی صاف چنائی اور گلابی سنڈی کی روک تھام کے لیے گلابی سنڈی سے متاثرہ بچے کھچے کچے ٹینڈوں کی تلفی بذریعہ مشینی ٹیکنالوجی پر زور شور سے کام جاری ہے

کپاس کی صاف چنائی والی مشین کے ذریعے 15-10 ایکڑ چنائی کا کام ایک دن میں لیا جاتا ہے اور یہ مشین سینکڑوں مزدوروں کے برابر کام لینے میں استعمال ہوتی ہے اور سی سی آر آئی ملتان میں کپاس کی مشینی چنائی کا عمل ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ عمل میں لایا گیا ہے۔ یاد رہے اس مشین کے ذریعے چنائی کپاس کی ہر قسم کی ورائٹیز کے لئے موزوں نہیں ہے بلکہ اس کی کاشت کے لیے خاص طور پر کپاس کی فصل تیار کی جاتی ہے جس ورائٹی کا قد 1/2-3 سے 4 فٹ اور لائن ٹو لائن فاصلہ 3 فٹ ہو تو یہ مشین خاص اسی فصل کے لئے موزوں ہے مشینی چنائی کا ایک یہ بھی فائدہ ہے کہ اس کے ذریعے ٹریش بھی کافی کم ہے جو کہ 8-4 فیصد ہے جبکہ اس کی چنائی سے 20-15 دن پہلے ڈی فولیئنٹ کا سپرے کیا جاتا ہے تا کہ کپاس

کے پتے جھڑ جائیں، مشینی چنائی کے لیے کپاس کی تیار کردہ فصل کی دو مرتبہ چنائی کی جاتی ہے۔ اور لیبر چارجز بھی اس مشین کے ذریعے کافی کم ہیں اس مشین کے لیے تیار کردہ فصل میں قطار سے قطار فاصلہ بڑھانے سے پودوں کی تعداد میں کمی واقع نہیں ہوتی بلکہ پودوں کا درمیانی فاصلہ ایک فٹ کی بجائے 4 انچ ہوتا ہے اور فی ایکڑ پودوں کی تعداد تقریباً 40 ہزار ہوتی ہے۔

اسی طرح کپاس کی مشینی چنائی کے بعد باقی ماندہ بچ جانے والے کچے ٹینڈے جن میں گلابی سنڈی کے لاروے موجود ہوتے ہیں ان کی تلفی اور روک تھام کے لیے سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان نے ایک اور نئی مشین متعارف کرائی گئی ہے جسے مکینیکل بول پکر Mechanical Boll Picker کہتے ہیں یہ بات تجربات سے سامنے آئی ہے کہ کپاس کی چنائی کے بعد کپاس کے کھیتوں میں باقی بچ جانے والے ادھ کھلے یا مکمل ٹینڈوں میں گلابی سنڈی کے لاروے موجود ہوتے ہیں، اگر ان لاروں کی بروقت روک تھام یا تدارک نہ کیا جائے تو اس سے کپاس کی آئیندہ فصل کو نقصان ہونے کا خدشہ بدرجہ اتم موجود ہوتا ہے اور چند سال پہلے ہمیں گلابی سنڈی اور اس کے لاروں سے کافی نقصان اٹھانا پڑا ہے اور ملکی معیشت کو خاصہ نقصان اٹھانا پڑا۔ اس بول پکر مشین کے استعمال سے 70 سے 80 فیصد گلابی سنڈی کا تدارک ممکن ہوا ہے اور اسی طرح گلابی سنڈی پر کئے جانے والے سپرے کی تعداد میں خاصی کمی سے کاشتکاروں کی مالی بچت بھی ہو سکے گی اور اس کے ساتھ ساتھ کپاس کی چھڑیاں بطور ایندھن آسانی سے استعمال کی جاسکتی ہیں کیونکہ بول پکر مشین کی بدولت گلابی سنڈی یا اس کے پروانوں سے اگلی کپاس کی فصل کے نقصان کا اندیشہ بھی موجود نہیں ہوتا۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ آنے والا وقت مشینی استعمال کے لیے کافی سود مند ہوگا اور اسی کے پیش نظر سی سی آر آئی ملتان مستقبل کے چیلنجز سے نپٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے اور ادارہ ہذا کے زرعی سائنسدان وقت کے جدید تقاضوں کو سامنے رکھ کر نئی سے نئی ٹیکنالوجی کو اپنانے میں اپنا اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ مکینیکل بول پکر سے چنے گئے باقی ماندہ کچے ٹینڈوں کو دھوپ میں پھیلا دیا جاتا ہے جس سے ٹینڈوں میں موجود گلابی سنڈی اور اس کے لاروے مر جاتے ہیں۔

فارمرز فیلڈ ڈے پروگرام کا انعقاد

ساجد محمود، سائنٹفک آفیسر (سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان)

کپاس کی ملکی معیشت میں اہمیت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں یہ نا صرف ملکی زرمبادلہ میں اہم کردار ادا کرتی ہیکپاس کی پیداوار اور اسکی کوالٹی میں بہتری کے لئے مسلسل تحقیقی عمل ایک بنیادی ضرورت ہے وہ تمام مما لک جن کی معیشت میں کپاس کی فصل اہم مقام رکھتی ہے کپاس کی تحقیق پر خصوصی توجہ دیتے ہیں۔ ہماری معیشت میں یہ فصل ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قیام پاکستان سے ہی کپاس سے متعلق زرعی تحقیق کو اہمیت دی گئی ہے جس کی بدولت ہم آج کپاس کی پیداوار کے لحاظ سے دنیا کے چوتھے بڑے ملک کی حیثیت کے حامل ہیں۔ زرعی تحقیق کی بناء پر آج ہم لمبے ریشہ والی کپاس پیدا کر رہے ہیں۔ کپاس کی موجودہ اقسام اس وقت 40 فیصد تک جی او ٹی G-O-T دے رہی ہیں۔ اوسطاً فی ایکڑ پیداوار میں خاصی بہتری آئی ہے۔ کاشتکاروں کو نئی ٹیکنالوجی فراہم کی جا رہی ہے۔ ان تمام کامیابیوں کے باوجود ہمارے تحقیقاتی اداروں کی ذمہ داریاں کم نہیں ہوئی کپاس چونکہ ایک حساس فصل ہے اسی وجہ سے اس کی فصل کے بیشمار مسائل ہیں دنیا میں کپاس پیدا کرنے والے جتنے بھی مما لک ہیں ان میں سب سے زیادہ کیڑے مکوڑوں کی تعداد اور ان کا حملہ پاکستان میں نظر آتا ہے اور ان کیڑوں میں ایک بڑا مسئلہ کپاس کی سفید مکھی اور گلابی سنڈی سر فہرست ہیں۔

اس سلسلہ میں وزارت قومی تحفظ خوراک وتحقیق، اسلام آباد کے زیر اہتمام سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان میں ایک روزہ "فارمرز فیلڈ ڈے پروگرام" منعقد ہوا جس کی صدارت ڈائریکٹر سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان ڈاکٹر زاہد محمود نے کی۔ اس اہم پروگرام کا مقصد کپاس کے مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے مناسب حکمت عملی اختیار کرنا تھی کپاس کے کاشتکاروں کے اہم مسائل جن میں کپاس کی بڑھوتری، کیڑے مکوڑوں خاص کر سفید مکھی اور گلابی سنڈی کا تدارک، کھاد اور سپرے کا استعمال، کپاس کی کم پیداوار شامل تھے ان کے حل کے لیے مناسب تجاویز فراہم کرنا تھیں اس کے علاوہ ادارہ ہذا کی تجرباتی کھیتوں میں لگی نئی زیر تحقیق اقسام کو عملی طور پر کپاس کے کاشتکاروں کو دکھانا تھا تاکہ کاشتکار سی سی آر آئی ملتان کی بہترین اقسام کی پیداواری صلاحیت جو کہ تقریباً 50 تا55 من فی ایکڑ ہیں ان کی پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی حاصل کرسکیں اس کے علاوہ ترقی پسند وچھوٹے کپاس کے کاشتکاروں کے لیے ایسی سفارشات پیش کرنا تھیں تاکہ گلابی سنڈی کے حملہ کے نقصان کو کم سے کم کیا جا سکے، یاد رہے ہر سال گلابی سنڈی کے حملہ سے تقریباً ہمیں 10 لاکھ کپاس کی گانٹھوں کا نقصان ہوتا ہے جس کی مالیت تقریباً 10 ارب روپے بنتی ہے۔ سیمینار کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے کیا گیا اور بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت پیش کی گئی، خطبہ آغاز میں ڈائریکٹر سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان ڈاکٹر زاہد محمود نے کہا کہ وزارت قومی تحفظ خوراک وتحقیق خوشحالی کسان اور ترقی پاکستان کے لئے ہر ممکن کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے اور وزارت تحفظ خوراک کسانوں کو درپیش مسائل سے بخوبی واقف ہے اور ان کے حل کے لئے اپنی ہر ممکنہ کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ حکومت پاکستان کسانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی اور سہولیات پہچانے میں پوری طرح مستعد ہے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں ملکی سطح پر کپاس کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر زاہد محمود نے اجلاس کے شرکاء خاص کر کاشتکاروں سے اپنے خطاب میں فصل کی مینجمنٹ پر کافی زور دیا اور کہا کہ اچھی پیداوار کے حصول کے لئے 80 فیصد عوامل کا تعلق بہتر مینجمنٹ پر ہے جبکہ بقیہ 20 فیصد کے لئے کیمیائی طریقوں سے کنٹرول کیا جاتا ہے۔

انہوں نے اپنے خطاب میں مزید کہا کہ سی سی آر آئی ملتان کے زرعی سائنسدان کپاس کی ایسی نئی اقسام جو کم پانی اور زیادہ درجہ حرات کو برداشت کرسکیں متعارف کرانے کی تحقیقی سرگرمیوں میں شب وروز مصروف عمل ہیں اور ان شاااللہ بہت جلد ایسی اقسام کاشتکاروں کے کھیتوں میں نظر آئیں گی کیونکہ ملک کی ترقی کے لئے اقتصادی انقلاب کسان کی خوشحالی سے مشروط ہے، اس کے علاوہ انہوں نے اجلاس میں موجود کاشتکاروں سے کہا کہ اس وقت کپاس اپنے آخری مراحل میں ہے اور اس لئے کپاس کی آلودگی سے پاک چنائی، اسے ذخیرہ کرنے اس کی ترسیل میں ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ مستقبل میں بھی سی سی آر آئی ملتان کسانوں کے لئے منعقد کردہ فیلڈ ڈے ٹریننگ پروگرام، کاشتکاروں کو ان کے کھیتوں تک رہنمائی وتربیت کرنے کے علاوہ پراویٹ سیکٹر سیڈ، پیسٹی سائیڈز اور کھادوں کے فیلڈ سٹاف کے لیے تربیتی پروگرام کے ذریعے شانہ بشانہ جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی کے لئے مثالی کردار ادا کرتا رہے گا۔

اجلاس کے حاضرین کو کپاس کی زیر تحقیق نئی اقسام ومنظور شدہ اقسام، کھادوں کا متناسب استعمال، سپرے، کراپ پروٹیکشن، کیڑے مکوڑوں کی مینجمنٹ اور کپاس پر اچھی تعداد میں لگے ٹینڈوں کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔ فیلڈ ڈے پروگرام میں مختلف اضلاع ملتان، وہاڑی، لودھراں، خانیوال، لیہ میانوالی، راجن پور اور ڈیرہ غازی خاں کے علاوہ سندھ کے مختلف اضلاع گھوٹکی، خیر پور،

سانگھڑاور میرپور خاص سے تعلق رکھنے والے ترقی پسند کاشتکاروں، اور سی سی آر آئی ملتان کے زرعی ماہرین وافسران کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ادارہ ہذا کے مختلف شعبہ جات کے سربراہان اور سائنٹفک آفیسرز نے فیلڈ ڈے کے شرکاء کو تجرباتی کھیتوں میں لگی کپاس کی مختلف نئی اقسام کے بارے میں معائنہ کرایا اور حاضرین نے کھیتوں میں لگی کپاس کی اعلیٰ اقسام میں گہری دلچسپی ظاہر کی اور سی سی آر آئی ملتان کی تحقیق وترقی سے متعلق کارکردگی کی بے حد تعریف کی۔ اس موقع پر ادارہ ہذا کے زرعی سائنسدانوں نے کپاس کے کاشتکاروں کے مختلف مسائل بغور سنے اور ان کے ممکنہ حل کے لیے سفارشات پیش کیں لودھراں سے آئے ترقی پسند کاشتکار سید باقر علی نے کہا کہ گلابی سنڈی اور دیگر کیڑے مکوڑوں کے چیلنجز سے نپٹنے کے لیے سی سی آر آئی کے زرعی سائنسدانوں کی خدمات قابل ستائش ہیں اور ملکی معشیت کے استحکام کے لیے اس طرح کے تربیتی پروگرامز کا انعقاد ہونا بہت ضروری ہے انہوں نے مزید کہا کہ آج کے پروگرام سے انہیں اور دیگر کپاس کے کاشتکاروں کو سیکھنے کا کافی موقع ملا ہے۔ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ملکی اقتصادی ترقی میں کپاس کی جتنی اہمیت ہے اتنی ہی یہ حساس فصل بھی ہے اس فصل پر حملہ ہونے والے اور اس کو نقصان پہنچانے والے کیڑے مکوڑوں کی تعداد دنیا کے کسی بھی کپاس پیدا کرنے والے مما لک سے زیادہ ہے لیکن آج ہمیں جو سب سے بڑا مسئلہ درپیش ہے وہ گلابی سنڈی کا ہے اس نقصان اور خطرہ کے پیش نظر سی سی آر آئی ملتان نے بروقت قدم اٹھایا ہے اور اس اہم قومی نوعیت کے پروگرام کا انعقاد سے کاشتکار بھائیوں کو اس سنڈی کے نقصان سے بچانے کے لیے مفید معلومات وتربیت فراہم کی جاسکے گی خانیوال سے تعلق رکھنے والے کاشتکاران پنجاب کے نمائندہ محمد رشید اور ڈبلیوڈبلیوایف ملتان سے عبدالرشید بھٹو اور دیگر اضلاع سے تعلق رکھنے والے کپاس کے کاشتکاروں نے بھی اپنے تجربات اور کپاس کے مسائل کے بارے اظہار خیال کیا۔